© rasailojaraid.com



نام کتاب: سیرت النبی ﷺ (سیرت النبی کی سات جلدوں کا اختصار)

مؤلفین: علامہ شبلی نعمانیؒ، سید سلیمان ندویؒ

مرتب: پروفیسر مولانا محمد رفیق چودھری

صفحات: ۴۸۰

ناشر: مکتبہ قرآنیات، یوسف مارکیٹ، غزنی اسٹریٹ اردو بازار، لاہور

قیمت: ۲۵۰؍روپے

تبصرہ نگار: ولی حسینی

علامہ شبلی نعمانی رحمہ اللہ کو جدید اردو سیرت نگاری کے بانی ہونے کا مجد وشرف حاصل ہے، آج جو کچھ بھی اردو ذخیرہ سیرت موجود ہے، اس کے بڑے حصے پر سیرت النبی کی چھاپ واضح طور پر محسوس کی جا سکتی ہے، بہت سوں نے تو خاص علامہ شبلی کے تتبع میں قلم اٹھایا، بہت سوں نے علانیہ سیرت النبی سے خوشہ چینی کی، کئی ایک نے اس سے متاثر ہوکر ایک الگ دبستان قائم کرنے کی کوشش کی، اس طرح بعض نے سیرت النبی کے بعض پہلوؤں کا (علانیہ یا غیر علانیہ) رد لکھنے کی کوشش کی، مگر کسی نہ کسی صورت متاثر سبھی ہوئے، کسی بھی مؤلف یا مصنف کے لیے یہ بڑا اعزاز ہے اور یقیناً عند اللہ قبولیت کا اشارہ بھی۔

اس کتاب میں فاضل مرتب نے اصل کتاب کا جو سات جلدوں میں ہے ایک جلد میں اختصار پیش کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے، یقیناً وہ سات جلدیں اہل علم کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہیں، لیکن عامۃ الناس کے لیے اتنی ضخیم کتاب سے استفادہ یقیناً مشکل امر تھا، اس غرض سے پہلے بھی بعض حضرات نے سیرت النبی کا خلاصہ پیش کیا تھا، اب اسے زیادہ مرتب انداز میں پیش کیا گیا ہے، اس اختصار میں کتاب کی اصل ترتیب کو برقرار رکھتے ہوئے ہر جلد کا خلاصہ ایسے انداز میں پیش کیا گیا ہے کہ نفس مضمون متاثر نہیں ہوتا، نہ ہی عبارت میں کہیں بے ربطی کا عیب پیدا ہوتا ہے، فاضل مرتب کے بیان کے مطابق اس میں دو باتوں کا خیال رکھا گیا ہے، ایک تو قرآنی آیات کا پہلے حوالہ رکوع اور سورت سے دیا گیا تھا، اب سورت اور آیت سے تبدیل کر دیا گیا ہے، دوسرے یہ کہ کتاب میں جہاں جہاں بھی ہندسے لگائے ہیں انہیں انگریزی ہندسوں سے بدل دیا گیا ہے۔ پہلی بات تو یقیناً مفید ہے اور اس سے کتاب سے استفادے میں مزید سہولت پیدا ہوگئی ہے، لیکن اس دوسری بات کا جواز سمجھ ہی نہیں آسکا، آخر اردو ہندسوں میں کیا قباحت تھی؟ اگر اس کا جواز یہی ہے کہ انہیں سمجھنے میں آج کے اردو داں طبقے کو دشواری ہوتی ہے، تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عرض ہے کہ یہ جواز بلاشبہ بلا جواز ہے۔ اس مشکل کا حل تو یہ ہے کہ ان ہندسوں کا استعمال عام کیا جائے نہ کہ انہیں بالکل ہی متروک قرار دیا جائے؟ امید ہے کہ ان معروضات پر ضرور غور کیا جائے گا، کتاب میں احادیث کا مختصر حوالہ بھی غالباً اختصار کی غرض سے حذف کر دیا گیا ہے، جب کہ اصل کتاب میں موجود ہے، بہتر ہوتا کہ اسے برقرار رکھا جاتا۔

کتاب اچھے معیار پر طبع ہوئی ہے، اور یقیناً ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

---

نام کتب: مختصر رحمۃ للعالمین

مولف: قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ

مرتب: پروفیسر مولانا محمد رفیق چودھری

صفحات: ۳۸۳

قیمت: ۱۸۰/روپے

ناشر: مکتبہ قرآنیات لاہور

تبصرہ نگار: ولی حسینی

رحمۃ للعالمین اور سیرت النبی دونوں کا زمانہ تالیف تقریباً ایک ہی ہے، البتہ اسلوب مختلف ہے، اور بوجوہ ان دونوں کی اہمیت اور امتیاز مسلم ہے، خود سیرت النبی کے شریک مؤلف علامہ سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ بھی اس کے معترف ہیں، جس کا اظہار انہوں نے اس کی جلد سوم کے آغاز میں اپنے مقدمے میں کیا ہے، خصوصیت کے ساتھ کلامی اسلوب میں سیرت کے ذخیرے میں نہ صرف یہ اولیت کا شرف رکھتی ہے، بلکہ اب تک اس معیار کی واحد کتاب بھی کہی جاسکتی ہے۔ یہ کتاب بھی تین جلدوں میں ہونے کے سبب خاصی ضخامت کی حامل ہے، اس بنا پر قارئین کی ضرورت اور سہولت کے مدنظر جناب پروفیسر مولانا محمد رفیق چودھری نے اس کتاب کا بھی ایک جلد میں اختصار فرمایا ہے، اس کے اختصار میں بھی وہی انداز اختیار کیا گیا ہے، جو سیرت النبی کے سلسلے میں اوپر بیان ہو چکا ہے، ہماری دانست میں اس میں بھی احادیث اور بائبل کے حوالہ جات بالاختصار ہی سہی اگر درج کر دیے جاتے تو بہتر تھا۔ یہ کتاب بھی رجحان کے مطابق طبع ہوئی ہے۔

---

© rasailojaraid.com